ایں سعادت بزور بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ

مؤلف کتاب جناب طالب ہاشمی صاحب نے اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق جو مختلف مضامین تحریر کئے تھے یہ انہیں کا مجموعہ ہے اور اسکے ساتھ انہوں نے مزید مضامین ومقالات کا اضافہ کر کے ان کو کتابی شکل دی ہے جس سے نہ صرف سیرت کی کتابوں میں معتد بہا اضافہ ہوا ہے بلکہ اردو دان طبقہ پر آپ کا یہ ایک بڑا احسان ہے انشاء اللہ اس کے مطالعہ سے قارئین عشق رسول ﷺ کے مہکتے گلشن میں داخل ہو کر ذوق و وجدان کو ایک کیف اور خوشبو سے شرف یاب کریں گے۔ الغرض یہ کتاب خطباء طلباء ، معلمین ، مقررین اور مدرسین کیلئے ایک گراں بہا تحفہ اور بیش قیمت سوغات ہے باطنی حسن اور دل آرائی کے ساتھ کتاب ظاہری طور پر بھی انتہائی دیدہ زیب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رحمت کائنات ﷺ : شیخ التفسیر حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی قدس سرہ۔

ضخامت : ۵۱۲ صفحات۔ گیارہواں ایڈیشن۔ قیمت :- ۱۰۰/- روپے

ناشر : ادارہ تحفظ حقوق نبوت مدنی روڈ، اٹک شہر

زیر تبصرہ کتاب شیخ التفسیر حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب قدس سرہ کے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو آپ نے دارالعلوم دیوبند کے ترجمان ماہنامہ "دارالعلوم" کیلئے بعنوان "سیرت مقدسہ کا اعجازی پہلو" تحریر کئے تھے۔ اس عنوان کی تشریح یہ تھی کہ جو سعادت مند سید دوعالم کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو اور وہ یقین کرے کہ اس نے سید دوعالم کو خواب میں دیکھا۔ انہی دنوں بعض حضرات نے دیوبندیت کی آڑ میں حیات انبیاء علیہم السلام جس پر امت کا اتفاق ہے کی مخالفت شروع کی، جس کی وجہ سے دارالعلوم دیوبند کے متعلقین میں اضطراب کا پیدا ہونا ایک فطری امر تھا۔ چنانچہ ماہنامہ "دارالعلوم" کے مدیر شہیر الحاج الانور سید محمد ازہر شاہ صاحب قیصر نے حضرت قاضی صاحب کو اس موضوع پر مزید لکھنے کی فرمائش کی۔ چنانچہ یہ سلسلہ بالاقساط ماہنامہ دارالعلوم میں چھپتا رہا۔ بعد میں ان مضامین کو یکجا کر کے پہلی بار ۸۷ صفحات پر